محکمہ ماہی پروری حکومت پنجاب

نیلام عام حقوق شکار ماہی

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محکمہ ماہی پروری پنجاب مندرجہ ذیل اضلاع کے سرکاری پانی برائے سال 27-2026 (ایک سالہ) اور 27-2026 تا 29-2028 (تین سالہ) جن کی سرکاری بولی پانچ لاکھ روپے (Rs. 500,000) تک ہے، درج ذیل تواریخ کو بوقت 9 بجے صبح نیلام کریگا۔ نیز وہ تمام سرکاری پانی جن کی بولی پانچ لاکھ روپے (Rs. 500,000) سے زائد ہے، ان کی نیلامی e-Auction کے ذریعے، محکمہ فشریز پنجاب کے مروجہ ای-آکشن کے طریقہ کار / پالیسی کے تحت اسی شیڈول کے مطابق کی جائے گی۔

تاریخ نیلام	تاریخ رجسٹریشن	دن	نام اضلاع	مقام نیلامی و حصہ پنجہ
22.10.2026	15.10.2026 تا 20.10.2026	جمعرات	ننکانہ صاحب، بہاولپور، گوجرانوالہ، وزیر آباد، ڈیرہ غازی خان، تونسہ، ملتان، بھکر، پاکپتن	دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز، متعلقہ ضلع (ضلع وزیر آباد کے پانیوں کی نیلامی ضلع گوجرانوالہ اور ضلع تونسہ کے پانیوں کی نیلامی ضلع ڈیرہ غازی خان کے ساتھ کی جائے گی)
23.10.2026		جمعہ	راولپنڈی، مری، گجرات، سرگودھا، لاہور، جھنگ، بہاولنگر، خانیوال	دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز، متعلقہ ضلع (ضلع مری کے پانیوں کی نیلامی ضلع راولپنڈی کے ساتھ کی جائے گی)
24.10.2026		ہفتہ	اٹک، منڈی بہاؤالدین، میانوالی، اوکاڑہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، رحیم یار خان، راجن پور	دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز، متعلقہ ضلع
26.10.2026		سوموار	چکوال، تلہ گنگ، سیالکوٹ، چنیوٹ، لودھراں، لیہ، شیخوپورہ	دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز، متعلقہ ضلع (ضلع تلہ گنگ کے پانیوں کی نیلامی ضلع چکوال کے ساتھ کی جائے گی)
27.10.2026		منگل	نارووال، وہاڑی، خوشاب	دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز، متعلقہ ضلع
28.10.2026		بدھ	حافظ آباد، قصور، فیصل آباد، جہلم، ساہیوال، مظفر گڑھ، کوٹ ادو	دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز، متعلقہ ضلع (ضلع کوٹ ادو کے پانیوں کی نیلامی ضلع مظفر گڑھ کے ساتھ کی جائے گی)

- **پانچ لاکھ روپے (Rs. 500,000) تک سرکاری بولی والے پانیوں** کی نیلامی میں حصہ لینے کے خواہشمند حضرات سرکاری پانیوں کی فہرست، شرائط نیلامی و دیگر تفصیلات متعلقہ اضلاع میں محکمہ ماہی پروری کے دفاتر سے حاصل کر سکتے ہیں۔ نیلامی کا پروگرام اور شرائط حکومت پنجاب کی ویب سائٹ www.punjabfisheries.gov.pk پر بھی ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ بولی دہندہ کو نیلامی میں حصہ لینے کیلئے متعلقہ پانی کی ریزرو پرائس (Reserve Price) کا تیس فیصد (30٪) بطور سیکیورٹی نیلامی سے قبل آفیسر نیلام کنندہ کو نقد یا تصدیق شدہ بینک ڈرافٹ / پے آرڈر یا کیش ڈیپازٹ رسید (CDR) کی صورت میں جمع کروانا ہوگی۔ بذریعہ ٹیلی گرام یا اور کسی برقی ذریعہ سے موصول ہونے والی پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔۔
- **پانچ لاکھ روپے (Rs. 500,000) سے زائد سرکاری بولی والے پانیوں کی نیلامی میں حصہ لینے کے خواہشمند ٹھیکیداران / بولی دہندگان کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ، ای-آکشن میں حصہ لینے کے لیے مندرجہ ذیل زائد شرائط بھی لاگو ہوگی:**

- نیلامی میں شرکت کے خواہش مند ان کا نیلامی کی مقررہ تاریخ سے قبل "eauction.punjab.gov.pk/website URL" پر رجسٹریشن کروانا لازم ہو گا۔ بصورتِ دیگر متعلقہ فریق نیلامی میں شرکت کا اہل نہ ہو گا۔
- ہر سرکاری پانی کے لیے بولی سے دو (02) دن قبل، متعلقہ پانی کی مجوزہ ریزرو قیمت کا 30٪ بطور ضمانت (security) **الگ الگ Online** جمع کروانا ہو گی۔
- نیلامی ریزرو قیمت سے شروع ہو گی۔ نیلامی کا مقررہ وقت **09 : 00 AM** سے **05 : 00 PM** ہو گا تاہم آخری منٹ میں بولی موصول ہونے کی صورت میں مزید تین (3) منٹ کا اضافہ کیا جائے گا، جو مزید بولی کی صورت میں جاری رہے گا۔
- اگر رجسٹریشن کے لیے پیش کردہ دستاویزات جعلی یا غلط ثابت ہوں تو ٹھیکہ منسوخ کر کے جمع شدہ رقوم و سیکیورٹی حق سرکار ضبط کر لی جائیں گی۔
- نیلام کیے جانے والے سرکاری پانیوں کی مکمل فہرست، ریزرو قیمت اور دیگر تفصیلات متعلقہ اضلاع کے دفاتر محکمہ ماہی پروری سے یا محکمہ کی ویب سائٹ www.punjabfisheries.gov.pk سے حاصل کر سکتے ہیں۔
- نیلامی کے دوران انٹرنیٹ کنکشن کی بندش، بجلی کی معطلی یا بولی دہندہ کے آلات کی خرابی کے باعث پیش آنے والی کسی رکاوٹ کا محکمہ ذمہ دار نہ ہو گا۔

نوٹ: نیلامی کیلئے مقرر کردہ یوم پر سرکاری تعطیل کی صورت میں نیلامی اگلے کام والے دن منعقد ہو گی۔

المشتہر

ڈائریکٹر جنرل فشریز پنجاب A-9، بہاولپور روڈ، چوبرجی لاہور
فون نمبرز: 042-99212374

SENIOR ECONOMIST
DEPARTMENT OF FISHERIES
HEADQUARTER, LAHORE